## سوال

(115) بے نمازی کا رشتہ

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا کوئی آدمی بے نمازی کو اپنی لڑکی کا رشتہ دے سکتا ہے؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

نہیں دے سکتا بشرطیکہ لڑکی صوم وصلوۃ کی پابند ہو۔ قرآن مجید میں ہے:

أَفَمَن كَانَ مُؤْمِنًا كَمَن كَانَ فَاسِقًا ۚ لَّا يَسْتَوُۥنَ ١٨ ...السجدة

''کیا ایک مومن کسی فاسق کی طرح (برابر) ہوسکتا ہے؟ کبھی برابر نہیں ہوسکتے'' (السجدۃ: ۸)

چونکہ بے نماز فاسق ہے اور فاسق مرد صوم وصلوۃ کی پابند عورت کا کفو نہیں ہوسکتا۔ ہاں اگر لڑکی بھی بے نماز ہے تو دوسری بات ہے۔
ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

## آپ کے مسائل اور ان کا حل

## ج1

## محدث فتویٰ